# Regional Urdu Text Bulletin, Chatrapati Sambhajinagar

Date: 20 April-2025

Time: 09:00-09:10 am

## آ کاشوانی چھترپتی سمبھا جی نگر

علاقائی خبریں

تاریخ: ۲۰/اپریل ۲۰۲۵ء

وقت: ۹:۰۰-۹:۱۰

***** **** *****

## ::::::سرخیاں::::::

سب سے پہلے خاص خبروں کی سرخیاں:

☆ وزیر اعلیٰ نے مختلف اسکیمات کے ذریعے مراٹھواڑہ کو خشک سالی سے پاک بنانے کے عزم کا کیا اعادہ۔ متاثرہ اضلاع کے کلکٹرس کو خشک سالی سے نمٹنے کے لیے اقدامات کرنے کی دی گئی ہدایت۔

☆ گڈ چرولی ضلع میں پولس نے کیا 4 خونخوار نکسلیوں کو گرفتار۔

☆ حکومت نے ریاست کے تمام 57 ریت ڈیپوز کو بے ضابطگیوں، بدعنوانی اور قوانین کی خلاف ورزی کے لیے کی نوٹس جاری۔

☆ رتنا گیری ضلع کے مالگنڈ امیں آج ''کتابوں کے گاؤں'' مہم کا افتتاح۔

اور ☆ مراٹھواڑہ میں ہر طرف درجہ حرارت 42 ڈگری سیلسیس کے پار۔

***** **** *****

اب خبریں تفصیل سے:

وزیر اعلیٰ دیویندر پھڑنویس نے کہا ہے کہ سمندر میں بہہ جانے والے 53TMC پانی کو گوداوری ندی میں لانے کی منصوبہ بندی جاری ہے۔ اس برس کے آخر یا آئندہ برس کے آغاز میں یہ کام شروع ہو جائے گا۔ وزیر اعلیٰ کل بیڑ ضلع کے گھاٹ شیل پارگاؤں میں، ناری ہفتے، کے افتتاحی اجلاس سے خطاب کر رہے تھے۔ انہوں نے کہا کہ کرشنا اور کوئنا ندیوں کا سیلابی پانی مراٹھواڑہ کی طرف موڑنے کے منصوبے کو بھی منظوری دی گئی ہے اور اس کے لئے آئندہ ماہ ٹینڈر جاری کیا جائے گا۔ پھڑنویس نے ان اسکیمات کے ذریعے مراٹھواڑہ کو خشک سالی سے پاک بنانے کا عزم کا اظہار کیا۔

اس تقریب میں ماحولیات کی وزیر پنکجا منڈے، اراکین اسمبلی سریش دھس، نمیتا مندڈا، مونیکا راجلے سمیت دیگر معززین موجود تھے۔ اس موقع پر پنکجا منڈے نے گہینی ناتھ قلعے کی ترقی کا مسئلہ اٹھایا۔ وزیر اعلیٰ نے اس کا مثبت جواب دیا اور کہا کہ قلعے کی ترقی کے ساتھ ساتھ آنے والے زائرین کو بھی سہولیات فراہم کی جائے گی۔

دوسری جانب وزیر اعلیٰ نے چھترپتی سمبھا جی نگر میں صحیفہ نگاروں سے بات کی۔ انہوں نے بتایا کہ ریاست کے کئی حصوں میں پانی کی قلت سے نمٹنے کے لیے خاکہ تیار کیا جا رہا ہے اور متاثرہ اضلاع میں ضلع کلکٹرس کو اس سلسلے میں اقدامات کرنے کی ہدایت دی گئی ہے۔

***** **** *****

گڈ چرولی پولس نے کل ایک مقابلے میں 4 خونخوار نکسلیوں کو گرفتار کیا ہے جو گذشتہ فروری میں ضلع کے بھامرا تعلقے میں ایک مڈبھیڑ میں شامل تھے۔ان میں رگھو اور جینی ،میاں بیوی سمیت جھاسی تلانڈے اور منیشا گاوڑے شامل ہے۔ پولس نے بتایا کہ ان چاروں نکسلیوں پر 40 لاکھ روپیوں کے انعام کا اعلان کیا گیا تھا۔

***** ***** *****

سابق وزیراعلیٰ اُدھوٹھاکرے نے کہا ہے کہ تمام مراٹھی لوگوں کو مراٹھی اور مہاراشٹر کے مفاد کی خاطر چھوٹے موٹے تنازعات کو نظرانداز کر کے متحد ہو جانا چاہیئے۔اُدھوٹھاکرے کل ممبئی میں کامگار سینا کے ایک جلسے سے خطاب کر رہے تھے۔اس سے قبل مہاراشٹر نونرمان سینا کے سربراہ راج ٹھاکرے نے ایک انٹرویو کے دوران بتایا تھا کہ ان کے لئے مہاراشٹر بڑا ہے اور اس کے مقابل اُدھوٹھاکرے کے ساتھ تنازعات بہت معمولی ہے جس پر اُدھوٹھاکرے نے نام لئے بغیر یہ ردعمل ظاہر کیا۔

***** ***** *****

محصول کے ریاستی وزیر چندر شیکھر باون کڑے نے ریاست کے تمام 57 ریت ڈپوز کو بے قاعدگیوں ،بدعنوانیوں اور قوانین کی خلاف ورزی پر نوٹس جاری کی ہے۔ وزیر موصوف نے آئندہ 3 دنوں میں ڈویژنل کمشنرس کو اس خصوص میں حقائق پر مبنی رپورٹ پیش کرنے کی ہدایت دی ہے۔باون کڑے نے قوانین پر عمل درآمد نہ کرنے والے ڈپوز کو برخاست کرنے کا انتباہ دیا ہے۔ وزیر موصوف نے کہا ہے کہ دریا کی ریت پر انحصار کم کرنے کے لیے جلد ہی ایک مصنوعی ریت پالیسی کابینہ میں پیش کی جائے گی۔

***** ***** *****

سنودھان امرت مہوتسو اور بھارت رتن ڈاکٹر باباصاحب امبیڈکر کے 134 ویں سالگرہ کی مناسبت سے آج ممبئی کے گیٹ وے آف انڈیا پر موسیقی کا پروگرام منعقد کیا گیا ہے۔اس پروگرام میں کئی نامور فنکار اپنے فن کا مظاہرہ کریں گے۔

***** ***** *****

عیسائیوں کا مذہبی تہوار Easter Sunday آج منایا جارہا ہے۔عیسائی عقیدے کے مطابق ،صلیب پر چڑھائے جانے کے تیسرے دن عیسیٰ علیہ سلام زندہ ہو گئے تھے۔آج کا دن اسی واقعے کی یاد میں منایا جاتا ہے۔گورنر سی پی رادھا کرشنن نے ایسٹر کے موقع پر ریاست کی عوام کو مبارکباد دی ہے۔اس مناسبت سے مختلف مقامات پر گرجا گھروں میں خصوصی دعاؤں سمیت کئی پروگرامس کا انعقاد کیا جارہا ہے۔

***** ***** *****

یہ خبریں آکاشوانی چھترپتی سمبھاجی نگر سے نشر کی جارہی ہیں۔

***** ***** *****

عالمی ثقافتی دن کے موقع پر ریاست کے پوسٹ ماسٹر جنرل امیتابھ سنگھ نے ایک خصوصی Cancellation مہم جاری کی ہے۔یہ ایک خصوصی رپورٹ مہاراشٹر Coordinator روہن کالے اور Marathwada Ancient Arkhitecture Conservation Committee کے شری کانت عمریکر کی فراہم کردہ معلومات پر مبنی ہے۔مراٹھی شاعری میں نئی جان ڈالنے والے شاعر کیشوسوت یعنی کرشنا جی کیشو داملے کا تعلق ضلع کے مالگنڈ اگاؤں سے تھا۔عظیم شاعر کسوماگرج نے اس گاؤں کو نظموں کی راجدھانی کہا ہے۔

اب یہی گاؤں مالگنڈا ’’کتابوں کے گاؤں‘‘ کے طور پر نئی پہچان حاصل کرنے جا رہا ہے۔اس منصوبے کے تحت مالون کے 30 اور قریبی گاؤں گنپتی پلے کے 5 گھروں کو چنا گیا ہے۔ان میں سے ہر گھر میں تقریباً ڈھائی سو سے 300 کتابیں رکھی جائیں گی۔اس سے سیاح دن بھر مطالعے کا لطف اٹھا سکیں گے اور ان سیاحوں کے قیام سے متعلقہ خاندانوں کو بھی آمدنی کا موقع ملے گا۔

***** ***** *****

سماجی انصاف کے مرکزی وزیر مملکت رام داس آٹھولے نے اس بات کو یقینی بنانے کی خاطر خصوصی کوششیں کرنے کی ہدایت دی ہے کہ مرکزی اور ریاستی حکومتوں کے محکمہ سماجی انصاف کی طرف سے نافذ کی گئی اسکیمات کے فوائد ہر اہل شہری تک پہنچائیں۔وزیر موصوف کل لاتور میں خطاب کر رہے تھے ۔انہوں نے کہا کہ کوئی بھی مستحق طالب علم اسکالرشپ سے محروم نہ رہے اور ہوسٹل میں اچھی سہولیات فراہم کی جائیں۔

***** ***** *****

دھاراشیو ضلع کے تلجا پور میں واقع تلجا بھوانی کالج میں کل تقسیم اسناد کی تقریب کا انعقاد کیا گیا۔اس موقع پر ڈاکٹر باباصاحب امبیڈکر مراٹھواڑہ یونیورسٹی کے سینیٹ ممبر اور ڈسٹرکٹ جرنلسٹ ایسوسی ایشن کے صدر دیوی داس پاٹھک نے طلباء کی رہنمائی کی۔اس تقریب میں کالج کے پرنسپل ڈاکٹر جیون پوار سمیت اساتذہ اور طلباء موجود تھے۔

***** ***** *****

جالنہ ضلع میں مہاوترن کی بجلی چوری مخالف مہم کے دوران بجلی چوری کے 4 سو 89 معاملے سامنے آئے ہیں۔ان میں سے 253 افراد نے مختلف ذرائع سے 2 لاکھ 47 ہزار 433 یونٹس بجلی چوری کی۔ان تمام کو 37 لاکھ 80 ہزار روپیوں کے بلز دیئے گئے ہیں۔

***** ***** *****

وزیر اعلیٰ تیرتھ درشن اسکیم کے تحت کل ہنگولی۔ایودھیا ٹرین ہنگولی ضلع سے 8 سو عقیدت مندوں کو لے کر روانہ ہوئی۔ان عقیدت مندوں کے ساتھ 7 رکنی طبی عملہ اور دیگر خدمات کے لیے 25 ملازمین بھیجے گئے ہیں۔

***** ***** *****

پربھنی کے اقبال نگر میں کل بچوں کے درمیان معمولی جھگڑے کے سبب پتھراؤ کا واقعہ پیش آیا۔یہ اطلاع ہمارے نامہ نگاروں نے دی۔پتھراؤ کی وجہ سے علاقے میں کچھ دیر کے لئے کشیدگی پیدا ہوگئی۔گاڑیوں کو نقصان پہنچا۔پولس سپرنٹنڈنٹ رویندر سنگھ پردیشی کی قیادت میں پولس کی ایک ٹیم موقع پر پہنچی اور حالات کو قابو میں کیا۔

***** ***** *****

پربھنی میونسپل کارپوریشن کے املاک ٹیکس محکمے اور ٹاؤن پلاننگ سے متعلق درخواستوں پر فوری کاروائی کے مقصد سے یکم تا 7 مئی کے دوران وارڈس کے مطابق کیمپوں کا انعقاد کیا گیا ہے۔ضلع کی سرپرست وزیر میگھنا ساکورے بورڈیکر نے میونسپل کمشنر کو ان کیمپس کے کامیاب انعقاد کی خاطر منصوبہ بندی کرنے کی ہدایت دی ہے۔

***** ***** *****

اب موسم کا حال

اپریل کے تیسرے ہفتے میں اب موسم گرما کا درجہ حرارت 42 ڈگری سیلسیس سے تجاوز کر رہا ہے۔ گرمی کی بڑھتی ہوئی شدت کے سبب پیٹھن کے جائیکواڑی ڈیم سے پانی کی بڑی مقدار بخارات بن کر اڑ رہی ہے۔ گذشتہ برس تسلی بخش بارش ہوئی تھی جس کے سبب ڈیم صد فیصد بھرا ہوا تھا۔

***** ***** *****

ریاست میں کل سب سے زیادہ درجہ حرارت آکولہ میں 44.2 ڈگری سیلسیس درج کیا گیا۔ مراٹھوارہ میں بھی ہر جگہ درجہ حرارت میں نمایاں اضافہ ہوا ہے۔ کل چھترپتی سمبھا جی نگر اور ناندیڑ میں تقریباً 42 ڈگری سیلسیس، پربھنی میں 42.3 ڈگری اور بیڑ میں 43.4 سیلسیس ریکارڈ کیا گیا۔

***** ***** *****

::::::سرخیاں::::::

آخر میں اس بلیٹن کی خاص خبریں ایک بار پھر:

☆ وزیر اعلیٰ نے مختلف اسکیمات کے ذریعے مراٹھواڑہ کو خشک سالی سے پاک بنانے کے عزم کا کیا اعادہ۔ متاثرہ اضلاع کے کلکٹرس کو خشک سالی سے نمٹنے کے لیے اقدامات کرنے کی دی گئی ہدایت۔

☆ گڈ چرولی ضلع میں پولس نے کیا 4 خونخوار نکسلیوں کو گرفتار۔

☆ حکومت نے ریاست کے تمام 57 ریت ڈیپوز کو بے ضابطگیوں، بدعنوانی اور قوانین کی خلاف ورزی کے لیے کی نوٹس جاری۔

☆ رتنا گیری ضلع کے مالگنڈا میں آج ''کتابوں کے گاؤں'' مہم کا افتتاح۔

اور ☆ مراٹھواڑہ میں ہر طرف درجہ حرارت 42 ڈگری سیلسیس کے پار۔

***** ***** *****

اس کے ساتھ ہی علاقائی خبریں ختم ہوئیں۔

ان خبروں کو آپ AIR چھترپتی سمبھا جی نگر یوٹیوب چینل' پر دوبارہ کسی بھی وقت سن سکتے ہیں۔

***** ***** *****